اسکے تسلط ، تحریک طالبان پر پابندیوں اور عالم اسلام کے عظیم ہیرو اسامہ بن لادن کے خلاف پروپیگنڈہ اور خصوصاً دینی مدارس کے خلاف جاری مہم پر زبردست تنقید کی اور امریکن عوام کو سی ٹی ایس چینل کے ذریعے یہ واضح پیغام پہنچایا کہ آپ کی حکومت مسلمانوں پر ظلم کر رہی ہے اور پوری دنیا میں آپکی حکومت کی وجہ سے مسلمان آپ سے نفرت کا اظہار کر رہے ہیں۔ اپنی حکومت کو مسلمانوں کے خلاف بڑھتی ہوئی جارحیت سے روکو۔

<u>ہارڈورڈ یونیورسٹی کی پروفیسر کی آمد :-</u> ۹ جون کو دارالعلوم حقانیہ میں امریکہ اور مغرب کی معروف تعلیمی درسگاہ ہارڈورڈ یونیورسٹی کی پروفیسر جسیکا سٹرن (Prof. Jessica Eve Stern) تشریف لائیں۔ اور انہوں نے مولانا مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا اور مختلف موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کی۔ ہارڈورڈ یونیورسٹی میں آپکا موضوع ٹیرر ازم ہے۔ آپکے ہمراہ نوائے وقت کے مشہور صحافی مزمل سہروردی بھی موجود تھے۔ آپ حکومت پاکستان کی دعوت پر پاکستان آئی تھیں لیکن آپ از خود دارالعلوم حقانیہ دیکھنے اور مولانا سمیع الحق سے اہم مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کرنے کے لئے تشریف لائیں۔ دارالعلوم کے وزٹ کے بعد آپ انتہائی متاثر ہوئیں۔ مولانا سمیع الحق نے بھی مدارس عربیہ وغیرہ کے اہم مسائل پر حکومت پاکستان کے متضاد بیانات اور پالیسیوں کی قلعی کھول کر رکھ دی۔ آپ نے یہ انٹرویو اپنی نئی آنے والی کتاب کے لئے مولانا مدظلہ سے لیا۔ آپ نے مولانا راشد الحق کو ہارڈورڈ یونیورسٹی کا وزٹ کرنے کی دعوت دی اور انہیں اسلام اور مغرب کے مستقبل کے موضوع پر لیکچر دینے کی بھی خصوصی پیشکش کی۔

<u>امریکہ کے معروف ریڈیو چینل وائس آف امریکہ کے نمائندوں کی دارالعلوم آمد :-</u> ۹ جون کو امریکہ کے مشہور و عالمی ریڈیو چینل وائس آف امریکہ کے نمائندے سکاٹ اینجر (Scott Anger) اپنے ساتھیوں سمیت دارالعلوم تشریف لائے اور انہوں نے مولانا مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ اس ٹیم نے دوبارہ ۱۱ جون کو بھی دارالعلوم آکر اساتذہ اور طلبا سے انٹرویو ریکارڈ کرائے۔

<u>نیویارک ٹائمز کے نمائندوں کی دارالعلوم آمد</u> گزشتہ دنوں امریکہ کے مقبول ترین عالمی اخبار نیویارک ٹائمز کے سینئر اور مشہور نمائندے جیفری گولڈبرگ (Jeffrey Goldberg) دارالعلوم حقانیہ دوبارہ تشریف لائے۔ آپ نے ایک ہفتہ مسلسل دارالعلوم کے طلبہ ' اساتذہ اور حضرت